سوال

(229) نفاس والی عورت چالیس دن سے پہلے پاک ہوجائے تو؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک عورت کو چالیس دن پورے ہونے سے پانچ دن پہلے ہی خون رک گیا، اوراس نے نمازروزہ شروع کردیا، مگر چالیس دن پورے ہونے کے بعد خون پھر شروع ہوگیا۔ ۔ تو ایسی صورت میں کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اگر کوئی نفاس والی خاتون چالیس دن پورے ہونے سے پہلے ہی پاک ہوجاتی ہے تو اس پر واجب ہے کہ نماز پڑھے، رمضان ہو تو روزے بھی رکھے۔ اور یہ اپنے شوہر کے لیے بھی حلال ہو گی خواہ چالیس دن پورے نہ بھی ہوئے ہوں۔ اور سوال میں جس عورت کا پوچھا گیا ہے کہ یہ پینتیس دنوں کے بعد پاک ہوگئی ہے تو اسے بھی نماز روزہ لازما ادا کرنا ہے۔ کیونکہ اس کے یہ روزے اور نمازیں بالکل برمحل اور صحیح ہیں۔ اور پھر چالیس دن پورے ہونے کے بعد جو خون جاری ہوا ہے یہ حیض ہے، الا یہ کہ بہت زیادہ دن جاری رہے، تو اسے اپنی سابقہ عادت کے مطابق توقف کرنا ہوگا، پھر اس کے بعد غسل کرکے نماز شروع کردینی چاہیے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 221

محدث فتویٰ